ہند-ناروے دفتر خارجہ کا 11 واں مشاورتی اجلاس

14 مئی 2024

مورخہ 14 مئی 2024 کو نئی دہلی میں انڈیا-ناروے فارن آفس کنسلٹیشنز (FOC) کے 11ویں دور کا انعقاد ہوا۔ ہندوستانی وفد کی قیادت سری پون کپور، سکریٹری (مغرب)، وزارت خارجہ، حکومت ہند نے کی۔ ناروے کے وفد کی قیادت ناروے کی وزارت خارجہ کے سکریٹری جنرل مسٹر ٹورگیر لارسن نے کی۔ آخری ایف او سی نومبر 2022 میں اوسلو میں ہوا تھا۔

2. ہندوستان اور ناروے کے درمیان تعلقات بہترین سیاسی تبادلوں، اور وسیع باہمی ادارہ جاتی میکانزم نمایاں ہیں۔ پائیدار ترقی کے لیے بلیو اکانومی بشمول سمندری اور بحری شعبوں میں تعاون، ، دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کی بنیاد ہے۔

3. مختلف شعبوں میں مضبوط باہمی تعاون کو تسلیم کرتے ہوئے دونوں فریقوں نے بلیو اکانومی، قابل تجدید توانائی، موسمیاتی اور ماحولیات، CCUS، گرین ہائیڈروجن، شمسی اور ہوا والے پروجیکٹس، گرین شپنگ، فشریز، پانی کے شعبوں انتظام، خلائی تعاون، آرکٹک، تعلیم اور ثقافت میں تعاون میں دو طرفہ باہمی تعاون کو وسعت دینے اور متنوع بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے اس سال مارچ 2024 میں انڈیا- EFTA TEPA پر دستخط کرنے کی بھی تعریف ستائش کی اور امید جتائی کی کہ جلد از جلد معاہدے پر عمل آوری کی جائے گی، جس سے دو طرفہ تجارت اور سرمایہ کاری میں مزید اضافہ ہوگا۔

4. دونوں فریقوں نے اگلی انڈیا-نارڈک چوٹی کانفرنس کے بارے میں بھی ابتدائی بات چیت کی، جس کے اس سال کے آخر میں اوسلو میں منعقد ہونے کی امید ہے۔

5. انہوں نے اقوام متحدہ کی اصلاحات پر بھی تبادلہ خیال کیا، خاص طور پر مستقبل کے سربراہی اجلاس کے تناظر میں۔ باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال ہوا۔

6. دونوں فریقین نے مشاورت کا اگلا دور اوسلو میں باہمی طور پر مناسب تاریخ پر منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی
14 مئی 2024